مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

دارالعلوم کے شب و روز

دارالعلوم میں مہمانوں کی آمد:

حضرت شاہ صاحب کے صاحبزادے اور جانشین بزرگ رہنما حضرت مولانا عطاء المومن شاہ بخاری گزشتہ دنوں دارالعلوم تشریف لائے۔ حضرت مہتمم صاحب اور مولانا شیر علی شاہ صاحب سے تفصیلی ملاقات کی اور اسلام آباد میں مجلس احرار اسلام کے زیراہتمام ہونے والے کل جماعتی دیوبندی کانفرنس میں شرکت کی دعوت دی۔ بعد میں مولانا مہتمم صاحب کانفرنس میں شریک ہوئے۔ مولانا انوار الحق صاحب' مولانا یوسف شاہ' مولانا راشد الحق' مولانا اسرار بھی ساتھ تھے۔

☆ معروف عالم دین تاریخِ مکہ المکرّمہ کے مصنف حضرت مولانا عبدالمعبود صاحب، دارالعلوم تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب سے علمی موضوعات پر گفتگو فرمائی۔

☆ اسی طرح جناب اشرف علی صاحب، ڈپٹی کمشنر انکم ٹیکس بھی مہتمم صاحب سے خصوصی ملاقات کے لئے دارالعلوم تشریف لائے اور موتمر المصنفین کی سرگرمیوں کو سراہا۔

☆ تبلیغی جماعت کے وفود وقتاً فوقتاً جامعہ تشریف لاتے رہتے ہیں، گزشتہ دنوں کراچی سمیت بیرونی ممالک کی جماعتیں جامعہ تشریف لائیں۔ وفود میں موجود علمائے کرام نے مشائخ حقانیہ اور خصوصاً حضرت مہتمم صاحب مدظلہ سے اجازت حدیث حاصل کی۔

حضرت مہتمم صاحب کے اسفار:

☆ میر پور آزاد کشمیر میں شہدائے کشمیر کانفرنس میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے۔ خطاب کے علاوہ کانفرنس کی صدارت بھی فرمائی۔

☆ پشاور میں جمعیت علماء اسلام کی طرف سے صوبائی دفتر میں صحافیوں کی نشست میں خطاب فرمایا۔ اس کے بعد شمولیتی جلسہ میں تشریف لے گئے۔

جرمن صحافیہ کی دارالعلوم آمد:

جرمن ٹی وی چینل ''ڈچ ویلے'' کی نمائندہ نومی کونریڈ، روزنامہ اوصاف کے ایڈیٹر مفتی عمر فاروق